© rasailojaraid.com



# اخبار الجامعۃ

## مدیر الجامعہ کا دورہ مالدیپ و سری لنکا

گذشتہ دنوں مدیر الجامعہ چوہدری یسین ظفر صاحب اور جامعہ کے استاذ شیخ اسماعیل مالدیپی صاحب چند انتظامی امور کے سلسلہ میں مالدیپ اور سری لنکا کے دورے پر روانہ ہوئے۔ آپ اپنے قیام کے دوران وہاں کے حکومتی ذمے داران سے کامیاب مذاکرات کے بعد مورخہ ۲۶/۸/۹۳ بروز جمعرات بخیر وعافیت وطن واپس پہنچ گئے۔

## علمی مباحثہ

النادی الاسلامی جامعہ سلفیہ کے زیر سرپرستی طلباء جامعہ کے مابین ایک دلچسپ علمی مباحثہ بعنوان "تقلید شخصی واجب ہے یا نہیں" منعقد ہوا۔ مجموعی اعتبار سے تقلید شخصی جائز نہیں کے قائلین کامیاب رہے۔ انفرادی طور پر محمود الحسن نے پہلی، محمود احمد نے دوسری اور محمد یوسف ساجد نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

## تقریری مقابلہ

اسی طرح ثانوی کلاسز کے مابین ایک تقریری مقابلہ بعنوان "الصلاۃ عماد الدین" منعقد ہوا جس میں طلبہ نے بڑے عمدہ طریقہ سے اپنے مافی الضمیر کا اظہار کیا۔ شیخ الحدیث جامعہ سلفیہ نے ثانوی کے طلباء کی تقاریر کو بہت سراہا۔ مجموعی اعتبار سے تمام طلباء نے بڑی عمدہ تقاریر کیں۔ انفرادی طور پر سیف اللہ ساجد نے پہلی،

باقی ص ۴۵ پر

© rasailojaraid.com